# ٹینڈر نوٹس

دفتر ڈائریکٹر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجو کیشن خیبر پختونخوا پشاور،
بحوالہ چھٹی نمبر 565-621 مورخہ 30اپریل 2025 از انرولمینٹ کیمپین 2025-26کے دوران
صوبائی حکومت کی منظوری کے مطابق محکمہ تعلیم (مردانہ،زنانہ) ضلع اپر چترال کو
کلاس نرسری اورگریڈ فرسٹ میں داخل شدہ طلباء و طالبات کے لیے 1091 سکول بیگز،نوٹ بکس اور منسلکہ اشیائے اسٹیشنری
کی فراہمی کے لئے مستند مینوفیکچرز سپلائرز اور مجاز ڈیلر سے KPPRA رولز 2014 کے تحت فریم ورک ایگریمنٹ / ریٹ
کنٹریکٹ ایگریمنٹ کے تحت ٹینڈر مطلوب ہیں ٹینڈر فارم اورڈاکومنٹس (ٹینڈر نوٹس مشتہر ہونے کے روز سے) دفتر محکمہ تعلیم
(مردانہ،زنانہ) ضلع اپر چترال سے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیےجا سکتے ہیں۔ جبکہ ٹینڈر 28 مئی 2025 کو صبح 10
بجے تک دفتر محکمہ تعلیم (مردانہ،زنانہ) اپر چترال کو بذیعہ ڈاک/ کوریر سروس یا دستی موصول ہونے چاہیے جو کہ اسی روز
دوپہر 02بجے یعنی (2:00 PM) دفتر چیرمین پرچیز کمیٹی واقع بونی اپر چترال اور ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندوں
کے روبرو کھولے جائیں گے۔ مقررہ وقت اور تاریخ کے بعد کوئی ٹینڈر قابل قبول نہیں ہوگا۔ سکول بیگ اور دیگر اشیا کی ساخت/
specification درج ذیل ہیں۔

| Specification | تعداد | نام اشیاء | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| Size 13-1/2"*11-1/2",width 5" best quality water proof parachute cloth,12 once side 4-1/2 inch front pocket for Geometry Box, one side Patti 2"width Deoartment Logo with pocket,5 No. Zip (Pak), Double Khana for text & Notebooks. | 1091 | سکول بیگ | 1 |
| 05 No. of Note Book x 40 pages (English,Urdu,Mathmathics) | 5455 | نوٹ بکس(کاپی) | 2 |
| 01 No.Geometry Box With 04 No. HB Pencils, Sharper, Eraser, Foota, Rectangular ,Dee & Set of 06 No. Color Pencils etc. | 1091<br>1091<br>1091 | جیومیٹری باکس<br>ایچ بی پینسل (پیکٹ)<br>رنگین پینسل پیکٹ/<br>اریزر | 3 |

**شرائط:( ٹینڈر ہندگان کا مندرجہ ذیل معیار پر اترنا ضروری ہے**

1 ٹینڈرد ہندہ KPPRA کے ساتھ رجسٹرڈ ہو۔
2- ٹینڈرد ہندہ کے لیے سکول بیگز، کاپیاں و متعلقہ ایشیاء اور دیگر سٹیشنری ایشیاء کی سپلائی کا مینوفیکچرز/ سپلائرز
ہوناضروری ہے۔
3. ٹینڈر دہندہ ایف بی ار کے ساتھ بطور ٹیکس دہندہ رجسٹرڈ ہو۔
4. مالاکنڈ ڈویژن سے تعلق رکھنے والے کامیاب ٹینڈر دہندہ ایف بی آر سے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے استثنیٰ کا سرٹیفیکیٹ
پیش کرے گا بصورت دیگر قانون کے مطابق تمام لاگو ٹیکسز کی کٹوتی کی جائے گی۔
5. کامیاب ٹینڈردہندہ کے ساتھ زیر دستخطیاں KPPRA قوانین کے مطابق ایگریمنٹ پر دستخط کریں گے۔
6. ٹینڈر کے ساتھ مطلوب دستاویزات کی تفصیل ٹینڈر فارم کے ساتھ جمع کرنا لازمی ہے نامکمل ٹینڈر کو زیر غور نہیں لایا
جائے گا۔
7- KPPRA رولز آرٹیکل 10کے تحت چیرمین پرچیزکمیٹی کو مخصوص وجوہات کی بنا پر ٹینڈرکو پوری یا جزوی طور پر
مسترد کرنے کااختیار حاصل ہے -
8. ٹینڈردہندہ یا اس مجاز نمائندہ کی موجودگی میں ٹینڈر کھولا جائے گا۔
9- ٹینڈرکے ساتھ دو فیصد سیکیورٹی کا سی ڈی آر ٹینڈرد ہندہ کے پیش کردہ ریٹس کے حساب سے ڈی ای او مردانہ و زنانہ ضلع
اپر چترال کے نام پرالگ الگ جمع کرنا ہوگا۔
10- ٹینڈرسنگل سٹیج KPPRA, 2 envelope رولز2014 کے تحت ہوگا۔
ایک لفافے میں چیک لسٹ کے مطابق پروفائل اورٹیکنیکل پروپوزل جبکہ دوسرے لفافے میں فائنانشل پروپوزل بمعہ
اوریجنل سی۔ڈی،آر جمع کروانی ہوگی۔
11- ٹینڈردہندہ اسٹامپ پیپر پر کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹڈ نہ ہونے کا بیان حلفی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔
12- سکول بیگزاوردیگر ایشیا اعلی معیار اور بہترین کوالٹی کے ہونے چاہیے۔
13-غیر معیاری اور نمونہ جات کے مطابق سامان سپلائی نہ کرنے والے کو ان کے خرچ پر سامان واپس کیا جائیگا سیکورٹی
ضبط کی جائیگی جبکہ معاہدہ برائے سپلائی دوسرے نمبر پر آنے والے ٹینڈر دہندہ کے ساتھ کیا جائے گا۔
14- ایشباء کی نمونہ جات ٹیکنیکل پروپوزل کے ساتھ پیش کرنا ہوں گے۔
15ٹیکنیکل پروپوزل کے مطابق اہلیت کا انتخاب کیا جائے گا جبکہ ناکام ٹینڈر دہندگان کے فنانشل لفافے سربمہر واپس کیے جائیں
گے۔
16- ورک آرڈرمحکمہ خزانہ خیبر پختونخواہ کی طرف سے مختص/جاری کردہ بجٹ کے مطابق دیا جائے گا۔
17- مجوزہ ٹینڈر فارم مبلغ ایک ہزار روپے ناقابل واپسی فیس ڈی ای او (مردانہ/زنانہ) اپر چترال کے دفتر سے ٹینڈر کی اشاعت
سے لیکر ٹینڈر کھولنے سے ایک دن قبل تک جاری کئے جائیں گے جس کے لئے فرم کو لیٹر پیڈ پر درخواست دینا ہو گا۔
18- کامیاب بولی دہندہ 25 جون2025 تک سامان کی سپلائی مکمل نہ کرنے کی صورت میں مجموعی مالیت کا 20فیصد مذید زر
ضمانت ڈی۔ ای۔او (مردانہ/زنانہ) ضلع اپرچترال کے نام بشکل کال ڈیپازٹ الگ الگ جمع کرے گا۔

**غزالہ انجم**
ضلعی تعلیمی آفیسر (زنانہ)
ضلع اپر چترال

**مفتاح الدین**
ضلعی تعلیمی آفیسر (مردانہ)
ضلع اپر چترال